the bell foundation

# سیکھنے میں اپنے بچے کی مدد کرنا

## ان طلباء و طالبات کے والدین کے لیے رہنمائی جو انگریزی کو بطور ایک اضافی زبان (EAL) استعمال کرتے ہیں

## اسے کیوں پڑھیں؟

یہاں آپ کو ان موضوعات پر اپنے لیے عملی خیالات مل سکتے ہیں:

1. سکول میں ہونے والے کاموں میں حصہ لینا
2. سیکھنے میں اپنے بچے کی مدد کرنا

## 1. سکول میں ہونے والے کاموں میں حصہ لینا

یو کے میں سکول چاہتے ہیں کہ والدین سکول میں ہونے والے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اگر آپ انگریزی میں پُراعتماد نہیں ہیں یا آپ کے کام کے سلسلے میں دیگر فرائض ہیں تو وہ حصہ لینے میں آپ کی مدد کریں گے۔



**مدد کرنے کے لیے چند تجاویز یہاں دی گئی ہیں:**

- اگر آپ کو کوئی متن، جیسے کہ سکول کے خطوط یا سکول کی ویب سائٹ کو سمجھنے میں مشکل آتی ہے تو سکول کو بتائیں
- اگر سکول کا عملہ آپ کے حساب سے بہت تیز بول رہا ہے یا ایسے الفاظ استعمال کرتا ہے جو آپ کو نہیں آتے تو آپ انہیں بتائیں۔ یہاں کچھ شائستہ فقرے دیئے گئے ہیں جو آپ اس کام کے لیے استعمال کر سکتے ہیں:
  - *Could you speak more slowly, please?* (براہِ کرم، کیا آپ مزید آرام سے بول سکتے ہیں؟)
  - *Could you say that again? I didn't understand.* (کیا آپ یہ بات دوبارہ کہہ سکتے ہیں؟ میں نے سمجھا نہیں۔
  - *I'm sorry, but I didn't understand you. Could you please repeat that?* (معذرت خواہ ہوں، مگر آپ کی بات میری سمجھ میں نہیں آئی۔ مہربانی کر کے کیا آپ دوہرا سکتے ہیں؟)
  - *Could you please tell me what _________ means?* (براہِ کرم کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ کیا مطلب _________ ہے؟)
  - *Could you repeat that word, please? I don't know what it means.* (براہِ کرم کیا آپ یہ لفظ دوہرا سکتے ہیں؟ مجھے اس کا مطلب نہیں پتا۔)
  - *Could you speak louder, please? I cannot hear what you said.* (براہِ کرم کیا آپ تھوڑا اونچا بول سکتے ہیں؟ مجھے آپ کی بات سنائی نہیں دے رہی۔)



- سکول کو بتائیں کہ سکول کی خط و کتابت کو بہتر طور پر سمجھنے میں کیا چیز آپ کی مدد کرے گی جیسے کہ زبانی بات چیت کے تراجم
- سکول کو بتائیں کہ آپ سے رابطہ کرنے  کا بہترین **وقت** کون سا ہے، اور بہترین **رابطہ نمبر** کیا ہے 
- اگر خاندان کا کوئی اور فرد ہے جو انگریزی بہتر جانتا ہے اور سکول کے ساتھ بات چیت کرنے میں مدد کر سکتا ہے تو سکول کو بتائیں

- سکول سے سکول اور اپنے بچے کی تعلیم کے متعلق معلومات طلب کریں۔ ان معلومات کو آپ کی گھریلو زبان میں ترجمہ کیے جانے کا مطالبہ کریں۔ آپ کو مندرجہ ذیل کے متعلق پوچھنا چاہیئے:

سکول کا نظام الاوقات

آپ کے بچے کا ہوم ورک

امتحانات اور ٹیسٹ (انہیں بعض اوقات 'تشخیصیں' کہا جاتا ہے)

حاضری

نصاب اور اہم مراحل

- دیگر والدین پر مشتمل والدین کے گروپ میں شامل ہو جائیں جو آپ والی زبان ہی بولتے ہیں۔ اگر سکول میں کوئی گروپ نہیں ہے، تو انہیں شروع کرنے کو کہیں۔

- والدین کے لیے منعقد کی جانے والی شاموں میں تشریف لائیں۔ اگر آپ اپنی انگریزی کے متعلق پریشان ہیں، تو آپ اپنے بچے کی پیش رفت کے متعلق گفتگو کرنے کے لیے استاد کے ساتھ تنہائی میں ملاقات کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ سکول سے یہ مطالبہ بھی کر سکتے ہیں کہ آپ کی مدد کرنے کے لیے ترجمان وہاں موجود ہو۔

## 2. اپنے بچے کی تعلیم میں معاونت کیسے کرنی ہے

یو کے میں سکول بچوں سے ہوم ورک کرنے اور والدین سے مدد کرنے اور گھر پر پڑھنے کی حوصلہ افزائی کرنے کی توقع رکھتے ہیں۔

**یہاں اس بارے میں کچھ خیالات دیئے گئے ہیں کہ آپ سیکھنے میں اپنے بچے کی مدد کیسے کر سکتے ہیں:**

- اپنے بچے کے سکول سے ان کی 'ہوم ورک کی پالیسی' پوچھیں تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ سکول کیا توقع رکھتا ہے، اور پھر آپ اپنے بچے کے ہوم ورک میں ان کی مدد کر سکتے ہیں

- ہوم ورک میں بچوں کی مدد کرنے کے لیے:
  - اپنی مادری زبان میں سوالات پوچھیں اور پڑھے گئے موضوعات کے متعلق بات چیت کریں
  - اپنے بچے کو الفاظ کا ترجمہ کرنے کے لیے دو لسانی لغت استعمال کرنے کی ترغیب دیں
  - الفاظ کو یاد رکھنے میں مدد کے لیے اپنے بچے کو ترغیب دیں کہ انگریزی میں اور/یا ان کی مادری زبان میں جو بھی نئے الفاظ آئیں انہیں لکھ لیں
  - اپنے بچے کو ترغیب دیں کہ اگر انہیں کوئی بات سمجھ میں نہیں آتی ہے تو وہ اپنے اساتذہ سے پوچھیں

- گھر پر اپنے بچے کے ساتھ مل کر پڑھیں۔ آپ یہ کام اپنی مادری زبان میں کر سکتے ہیں اور تصاویر کے متعلق اور کہانی میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کے متعلق گفتگو کریں۔ بڑے بچوں سے آپ ان کا سبق سن سکتے ہیں اور اگر انہیں کسی لفظ کا مطلب نہیں پتہ تو آپ انہیں اندازہ لگانے کو کہہ سکتے ہیں۔ ان ویب سائٹس پر بہت سی مختلف زبانوں میں کہانیاں ہیں، اور وہ مفت ہیں: World Stories اور Unite for Literacy۔

- اپنی انگریزی کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے کلاس میں داخلہ لیں۔ کچھ سکول والدین کے لیے انگریزی کی کلاسوں کا اہتمام کرتے ہیں تو آپ پوچھ لیں کہ کیا یہ دستیاب ہے۔ آپ کو ESOL کلاسیں اپنے مقامی Further Education College میں بھی مل سکتی ہیں۔ اگر آپ کلاس میں داخلہ نہیں لے سکتے، یا آزادانہ طور پر سیکھنا چاہتے ہیں، تو آپ کو British Council کی جانب سے انگریزی کی مفت مشق مل سکتی ہے۔

The Bell Foundation
Hillscross
Red Cross Lane
Cambridge
CB2 0QU

www.bell-foundation.org.uk

Copyright

جملہ حقوق محفوظ۔ اس مطبوعہ کا کوئی بھی حصہ حقِ اشاعت کے مالک کی تحریری اجازت کے بغیر کسی بھی شکل میں دوبارہ شائع نہیں کیا جا سکتا (بشمول فوٹوکاپی کرنا یا اسے کسی بھی الیکٹرانک طریقے سے کسی بھی واسطے میں ذخیرہ کرنا اور آیا کہ اس مطبوعہ کا عارضی یا حادثاتی استعمال ہو سکتا ہے یا نہیں)۔ اس مطبوعہ کے کسی بھی حصے کو دوبارہ شائع کرنے کے لیے حقِ اشاعت کے مالک کی تحریری اجازت حاصل کرنے کی درخواستیں ناشر کو بھیجی جانی چاہیئیں۔

حقِ اشاعت © The Bell Educational Trust Limited (مصروفِ عمل بطور The Bell Foundation)

The Bell Educational Trust Limited ایک خیراتی کمپنی ہے جو ضمانت نمبر 1048465 کے ذریعے محدود ہے، 5 اپریل 1972 کو قائم کردہ، اور Charity Commission نمبر 311585 کے ساتھ رجسٹرڈ ایک خیراتی ادارہ ہے۔